# माध्यमिक शिक्षा बोर्ड, राजस्थान अजमेर

## मॉडल प्रश्न–पत्र परीक्षा–2023

### कक्षा–10

### विषय : उर्दू (तृतीय भाषा) (72)

**समय : 3 घंटा 15 मिनट** **अंक : 80**

1. उद्देश्य हेतु अंकभार –

| क्र.सं. | उद्देश्य | अंकभार | प्रतिशत |
|---|---|---|---|
| 1. | ज्ञान | 23 | 28.75% |
| 2. | अवबोध | 26 | 32.50% |
| 3. | अभिव्यक्ति | 22 | 27.50% |
| 4. | मौलिकता | 09 | 11.25% |
| **योग** | | **80** | **100.00** |

2. प्रश्नों के प्रकारवार अंकभार –

| क्र. सं. | प्रश्नों का प्रकार | प्रश्नों की संख्या | अंक प्रति प्रश्न | कुल अंक प्रतिशत | प्रतिशत प्रश्नों का | संभावित समय |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | वस्तुनिष्ठ | 1(i-xii) | 1(12) | 15.00 | 4.35 | 17 |
| 2. | अतिलघूत्तरात्मक | 2(i-vi) | 1(18) | 22.50 | 8.70 | 39 |
| 3. | लघूत्तरात्मक | 12 | 2(24) | 30.00 | 52.17 | 35 |
| 4. | दीर्घउत्तरीय प्रश्न | 6 | 3(18) | 22.50 | 26.08 | 65 |
| 5. | निबंधात्मक | 2 | 4(8) | 10.00 | 8.70 | 39 |
| | योग | **23** | | **100** | **100.00** | **195** |

3. विषय वस्तु का अंकभार –

| **क्र.सं.** | **विषय वस्तु** | **अंकभार** | **प्रतिशत** |
|---|---|---|---|
| 1. | अपठित गद्यांश | 8 | 10.00 |
| 2. | मज़मून | 8 | 10.00 |
| 3. | खतूत निगारी/दरख़ास्त नवीसी | 6 | 7.50 |
| 4. | कवाइद | 16 | 20.00 |
| 5. | पाठ्यपुस्तक (हिस्सा–ए–नज़्म) | 21 | 26.25 |
| 6. | पाठ्यपुस्तक (हिस्सा–ए–नज़्म) | 21 | 26.25 |
| | **योग** | **80** | **100** |

प्र. 2 में (i-VI) 06 प्रश्न समाहित है।
प्र. 3 में (i-Xii) 12 प्रश्न समाहित है।

# SECONDARY EXAMINATION-2023

## MODEL PAPER-2023

## URDU

## اُردو

## (Third Language)

Time : 3.15 Hours | Max. Marks :80

طلبہ کے لیے ہدایات:-

(i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچے پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات کے جوابات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہیں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوش خط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

## حصّہ (الف) (SECTION-A)

1۔ مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر کاپی میں لکھیے:-

(i) تکلف کے معنی ہیں: 1

(A) غم (B) بے چینی

(C) دکھاوا (D) پریشانی

(ii) راجپوتوں کے ایک سردار کا نام تھا: 1

(A) دھنپت (B) رگھوپت

(C) لاجپت (D) گنپت

(iii) اُتر بھارت میں کون سی پراکت بولی جاتی تھی؟ 1

(A) شورسینی (B) ماگدھی

(C) اردھ ماگدھی (D) مہاراشٹری

(iv) لین شو نے کس کے نام خط لکھا؟ 1

(A) دوست کے نام (B) خدا کے نام

(C) والد کے نام (D) بیوی کے نام

(v) بریل ایجاد کرنے والے کا نام تھا: 1

(A) لوئی بریل (B) ڈیوڈ بریل

(C) رابرٹ بریل (D) جیمس بریل

(vi) ''موت کا ایک دن معیّن ہے'' میں 'معیّن' کے معنی ہیں: 1

(A) عارضی (B) طے شدہ

(C) کبھی کبھی (D) ہمیشہ

(vii) نظیرؔ اکبرآبادی کا اصل نام کیا تھا؟ 1

(A) ولی محمد (B) علی احمد

(C) کریم علی (D) رحیم علی

(viii) پہاڑ نے کسے ڈوب مرنے کو کہا؟ 1

(A) بکری کو (B) گلہری کو

(C) مورنی کو (D) ہرن کو

(ix) نظم ''حمد'' کے شاعر کا نام ہے: 1

(A) مولانا حالیؔ (B) نظیرؔ اکبرآبادی

(C) اسمٰعیلؔ میرٹھی (D) مرزا غالبؔ

(x) ''خدائے سخن'' کے لقب سے کس شاعر کو یاد کیا جاتا ہے؟ 1

(A) ذوقؔ کو (B) غالبؔ کو

(C) نظیرؔ کو (D) میرؔ کو

(xi) دشمن کا متضاد ہے: 1

(A) دوست (B) رشتے دار

(C) رقیب (D) پڑوسی

(xii) ختمہ کی علامت ہے: 1

(A) ؟ (B) ۔

(C) ، (D) '' ''

2۔ مندرجہ ذیل خالی جگہ پُر کیجیے:-

(i) تالابوں کا پانی جانوروں کے نہانے سے.....................ہو جاتا ہے۔ 1

(ii) آج کل کے عالم کہتے ہیں کہ ہماری دنیا پہلے..................کا ایک گولا تھی۔ 1

(iii) جو آ کے نہ جائے وہ..................دیکھا۔ 1

(iv) لائی حیات آئے..................لے چلی، چلے۔ 1

(v) مکان کی جمع..................ہوتی ہے۔ 1

(vi) وہ الفاظ جو ایک جیسے معنی رکھتے ہیں..................کہلاتے ہیں۔ 1

3۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے:-

(i) کرنل سے کارتوس مانگنے والا سوار کون تھا؟ 1

(ii) ای۔ٹکٹ کسے کہتے ہیں؟ 1

(iii) آسمان میں کتنے تارے ہیں، اونتی نے اس سوال کا کیا جواب دیا؟ 1

(iv) وزیر کی بے چینی کا سبب کیا تھا؟ 1

(v) ڈاکٹر امبیڈکر کا تعلق کس خاندان سے تھا؟ 1

(vi) نظم ''حمد'' میں سورج کو کیا کہا گیا ہے؟ 1

(vii) ''روش روش کو اس چمن کی کہکشاں بنائیں گے'' میں 'کہکشاں' کے معنی کیا ہیں؟ 1

(viii) ذوقؔ کس بادشاہ کے اُستاد تھے؟ 1

(ix) میرؔ کی کسی ایک مثنوی کا نام لکھیے۔ 1

(x) آپ کے نصاب میں بشرؔ نواز کی کون سی نظم شامل ہے؟ 1

(xi) یہ () نشان کس کی علامت ہے؟ 1

(xii) لفظ خطوط کا واحد لکھیے۔ 1

## حصّہ (ب) (SECTION-B)

نوٹ: مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے:-

درباروں سے اُردو کا رشتہ بڑا معنی خیز ہے۔ اُردو نے درباروں سے نہیں، بلکہ خود درباروں نے

اُردو سے رشتہ پیدا کیا۔ اُردو اصلاً بازاروں، گلیوں، کوچوں، میلوں، جوگیوں، سنتوں، فقیروں اور صوفیوں کی زبان ہے۔ اُن ہی فقیروں، سنتوں اور صوفیوں نے اسے قریہ قریہ اور شہر شہر پھیلایا اور سورج کی کرنوں کی طرح یہ جہاں جہاں پہنچی، آنکھوں میں بستی اور دلوں کو شاداب کرتی گئی۔

4۔ درباروں سے اُردو کا رشتہ کیسا ہے؟ 2

5۔ اُردو اصلاً کن کی زبان ہے؟ 2

6۔ اُردو کو قریہ قریہ اور شہر شہر کن لوگوں نے پھیلایا؟ 2

7۔ اس اقتباس میں استعمال ہوئے محاورے ''آنکھوں میں بسنا'' کا مطلب لکھیے۔ 2

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مختصراً لکھیے:-

8۔ فاعل کی تعریف لکھیے۔ 2

9۔ فعل کی تعریف لکھیے۔ 2

10۔ محاورہ ''چھٹی کا دودھ یاد آنا'' کے معنی لکھیے۔ 2

11۔ کہاوت ''جیسی کرنی ویسی بھرنی'' کے معنی لکھیے۔ 2

12۔ مندرجہ ذیل الفاظ پر سابقے یا لاحقے لگائیے:- 2

(i) عقل (ii) عزّت

13۔ خطوط نویسی میں القاب سے کیا مراد ہے؟ 2

14۔ بیانیہ مضمون کسے کہتے ہیں؟ 2

15۔ مضمون نویسی میں تمہید کسے کہتے ہیں؟ 2

## حصّہ (ج) (SECTION-C)

16۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا مطلب لکھیے اور سیاق وسباق کا حوالہ بھی دیجیے:- 3

ہمارے ایک اور بے تکلف دوست ہیں۔ وہ جہاں کہیں ہم سے ملتے ہیں مصافحہ کرنے کے بجائے بار بار بغل گیر ہو کر بے تکلفی کا اظہار کرتے ہیں۔ ایک بار انارکلی میں ملاقات ہوئی۔ بازار کے بیچ

انھوں نے یہ عمل جو دہرانا شروع کیا تو راہ گیر دانتوں میں انگلیاں داب کر رہ گئے۔ ہر دو منٹ کے بعد بغل گیر ہو کر کہتے ''بھئی خوب ملے۔'' یار، حد ہو گئی۔ وہ اس انداز سے مجھے اپنے بازوؤں کے شکنجے میں کس رہے تھے، گویا برسوں کے بعد ملے ہیں، حالانکہ اس ملاقات سے صرف دو دن پہلے مال روڈ پر ملے تھے اور وہاں بھی انھوں نے اسی قسم کی گرم جوشی کا مظاہرہ کیا تھا۔

یا

رضیہ نے تخت نشینی کے بعد نہایت بہادری سے مشکلوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا وہ فوج کی کمان خود سنبھالتی تھی۔ اس نے بادشاہوں کی طرح ''قبا'' اور ''کلاہ'' پہنی۔ اپنے نام کے سکے جاری کیے۔ سلطنت میں امن قائم کیا۔ انتظام کو بہتر بنایا اور عوام کی خوشحالی کا ہر طرح سے خیال رکھا۔ تجارت کو فروغ دیا۔ سڑکیں بنوائیں۔ درخت لگوائے اور کنویں کھدوائے۔ اس نے مدرسے اور سرکاری کتب خانے بھی قائم کیے۔ رضیہ سلطان کو خود بھی پڑھنے لکھنے کا شوق تھا۔ وہ اچھی گھڑسوار تھی اور اسے جنگی اسلحوں کے استعمال کا ہنر بھی آتا تھا۔ اس کی حکومت بنگال سے سندھ تک پھیلی ہوئی تھی۔

17۔ حبیب تنویر کے مختصر حالاتِ زندگی لکھیے۔ 3

یا

منشی پریم چند کے مختصر حالاتِ زندگی لکھیے۔

18۔ سبق ''کاٹھ کا گھوڑا'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 3

یا

سبق ''پانی کی آلودگی'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

19۔ مندرجہ ذیل اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے:- 3

(i) ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

(ii) ہو عمرِ خضر بھی تو کہیں گے بوقتِ مرگ
ہم کیا رہے یہاں، ابھی آئے، ابھی چلے

یا

مندرجہ ذیل نظم کے بند کا مطلب لکھیے اور شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی لکھیے:-

جو اور کسی کا مان رکھے تو پھر اُس کو بھی مان ملے
جو پان کھلائے پان ملے، جو روٹی دے تو نان ملے
نقصان کرے نقصان ملے، احسان کرے احسان ملے
جو جیسا جس کے ساتھ کرے، پھر ویسا اس کو آن ملے
کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے
اس ہاتھ کرو اُس ہاتھ ملے یاں سودا دست بدستی ہے

20۔ میر انیسؔ کے مختصر حالاتِ زندگی لکھیے۔ 3

یا

ساحرؔ لدھیانوی کے مختصر حالاتِ زندگی لکھیے۔

21۔ نظم ''اے شریف انسانو!'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 3

یا

نظم ''پہاڑ اور گلہری'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

## حصّہ د (SECTION-D)

22۔ فرض کیجیے آپ کا نام جمیل احمد ہے اور آپ گورنمنٹ سینئر سیکنڈری اسکول پالی میں پڑھتے ہیں۔ اسکول کے پرنسپل صاحب کو فیس معافی کی درخواست لکھیے۔ 4

یا

اپنے بڑے بھائی کو بارہویں جماعت میں اوّل آنے پر مبارک باد کا خط لکھیے۔

23۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مختصر مضمون لکھیے:- 4

(i) عیدالفطر (ii) میرا پسندیدہ کھیل (iii) کمپیوٹر کی اہمیت

---ختم شد---